12.30 PM
02.06.26
Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں----بصارت گُل

نشہ

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں سو روز پر مشتمل نشہ مکت ابھیان شدو مد کے ساتھ جاری ہے۔ سول اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے عوامی بیداری پروگراموں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کڑی کاروائیاں کی جار ہی ہے۔ انتظامیہ نے اس ابھیان کو اپنے منطقی انجام تک پہنچانے کا عزم کیا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔-

پد یاترا گاندربل

اس دوران رواں مہینے کی پانچ تاریخ کو گاندربل میں منشیات مخالف پد یاترا کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں نکالی جانے والی اس پد یاترا میں سول سوسائٹی ممبران ، تاجروں ، مذہبی سکولروں اور عام شہریوں کے علاوہ زندگی کے دیگر طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت متوقع ہے۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے پد یاترا کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور منشیات کے خلاف اپنا ردِ عمل ظاہر کریں۔

حجاج کرام

سعودی عرب میں فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جموں کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہو گیا ہے۔

اس بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر شجاعت احمد قریشی نے کہا کہ سفر محمود سے آنے والے جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں۔

سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے حجاج کرام کی سعودی عرب سامان ساتھ ہی لانے کے عمل میں آرہی دشواریوں کا معاملہ سے واپسی کے دوران اُن کا کے ساتھ اُٹھایاہے۔ Kinjarapu Ram Mohan Naidu شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر

وزیر اعلیٰ نے حجاج کرام کا سامان اُسی پرواز میں سرینگر میں پہنچانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ، جس میں یہ حجاج خود سرینگر تک سفر کرنے والے ہوں۔

اس بارے میں عمر عبداللہ نے شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیرکو ایک مکتوب لکھا ہے۔

سی ایم ملاقات

لداخ کے ممبر پارلیمنٹ حاجی محمد حنیفہ نے سرینگر میں

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ لداخ میں کام کر رہے ملازمین کے نمائندوں کا ایک وفد اور کرگل پرائیوٹ اسکول ایسو سی ایشن کے کئی ارکان بھی تھے ۔

انہوننے وزیر اعلیٰ کو تعلیمی شعبے نیز ملازمین کو در پیش معاملات سے آگاہ کیا ۔

اس دوران ایل ایل اے ریاسی کلدیپ راج دوبے نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی۔

پروگرام

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجزکے اہتمام سے آج آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں دو پہر دو بجے آکاشوانی سرینگر کے سابق پروگرام ایکزیکٹیو اور نامور قلمکار ڈاکٹر ستیش وِمل کے ساتھ ملاقات کی ایک نشست منعقد ہو رہی ہے۔ اس پروگرام میں زندگی کے طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت متوقع ہے

سال 12

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں ۔ مرکزی سرکار نے اس دوران وزیر NDA مرکز میں اعظم نریندر مودی کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کینجن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرکاری محکموں کی عمارات اور دیگر سرکاری تنصیبات کی چھتوں پر سولر روف ٹاپ نصب کرنے کے عمل میں سُرعت لانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اس سلسلے میں اب تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے سائنس و ٹیکنولوجی اور پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

حلف

آج سپریم کورٹ کے Arun Palli جموں کشمیرو لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس جج کی حیثیت سے حلف لے رہے ہیں۔ عدالت عظمیٰ کے چیف جسٹس ، جسٹس سوریہ کانت اُنہیں اپنے عہدے کا حلف دلائیں گے۔ اس کے علاوہ سپریم کورٹ کے جج مقرر کئے گئے جسٹس Sheel Nagu, جسٹس Shree Chandrashekhar جسٹس Sanjeev Sachdeva اور سینئر وکیل Venkita Subramani Mohana بھی آج اپنے عہدے کا حلف لے رہے ہیں-

ریلوے

اب ریل سے متعلق یہ خبر

ناردرن ریلوے کے جموں ڈویژن نے مئی مہینے کے دوران بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف 12ہزار693 معاملات درج کئے اور قصور واروں سے 66لاکھ 165روپے کا جرمانہ وصول کیا ۔

سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر جموں اُچت سنگل نے کہا کہ بغیر ٹکٹ سفر کرنے سے ایک طرف ریلویز کو مالی نقصان سے دو چار ہو نا پڑ رہا ہے اور دوسری طرف صحیح ٹکٹ پر سفر کرنے والوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ